HEMAYAH
EFU FAMILY TAKAFUL

# اپنی بچت کو ٹھیک جگہ متعین کیجئے

## ای ایف یو کا ایسا پلان جو آپ کو مستقبل میں آمدنی دیگا



# ای ایف یو تکافل
# آسان بچت پلان
(سیونگز پلان)

## کم ازکم کنٹری بیوشن کی حدود کیا ہیں؟

شرکاء کے لئے کم ازکم کنٹری بیوشن 20,000 روپے سالانہ ہے۔

## اخراجات (چارجز) کیا ہیں؟

وکالۃ الاستثمار کے اصول کی بنیاد پر، بنیادی تکافل پلان پر درج ذیل چارجز کا اطلاق ہوگا:

| چارجز | ریٹ/ پاکستان روپے میں |
|---|---|
| انتظامی اخراجات (ایڈمنسٹریشن چارج) | 135 روپے ماہانہ |
| بِڈ/آفر (بولی/پیشکش) سپریڈ | مختص شدہ بنیادی اور اضافی فنڈ کنٹری بیوشن 5 فیصد |
| سرمایہ کاری انتظامات اخراجات (انویسمنٹ منیجمنٹ چارج) | فنڈ قدر کا 0.125 فیصد ماہانہ |
| ایلوکیشن چارج | اوپر دئے گے ایلوکیشن ٹیبل کے مطابق |
| اضافی وکالۃ الاستثمار فیس چارج | دوسال کے مکمل کنٹر بیوشن ادا کردیئے جانے سے پہلے دستبرداری کی صورت میں کل نقد قدر کے 50 فیصد کے مساوی اضافی وکالۃ الاستثمار فیس چارج کیا جائے گا۔ |

## تکافل ڈونیشن (وقف ڈونیشن):

شریک تکافل کی عمر اور سم ایٹ رسک کے حساب سے ایکچوریل کی طرف سے مقرر کردہ رقم جو کہ شریک تکافل فنڈ میں ہر سال جمع کی جائیگی۔ البتہ جب کیش ویلو سم کورڈ (زرتحفظ) سے بڑھ جائے تو تکافل ڈونیشن کی مد میں کوئی رقم منہا نہیں کی جائے گی۔

- **وقف فنڈ سے وکالہ خرچ:**
  تکافل عطیے کا 40 فیصد

## انتباہ:

- یہ پروڈکٹ ای ایف یو لائف۔ ونڈو تکافل آپریشنز نے انڈررائٹ کی ہے۔ یہ پروڈکٹ حبیب میٹروپولیٹن بینک یا اس کی ذیلی کمپنی کی نہیں ہے اور نہ حبیب میٹروپولیٹن بینک اس کا ضامن ہے۔ ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریشنز ہی اس سے وابستہ تمام امور کا ذمہ دار ہوگا۔
- حبیب میٹروپولیٹن بینک اپنے گرانقدر صارفین کے لئے اس پروڈکٹ کے لئے محض ایک کارپوریٹ تکافل ایجنٹ/تقسیم کار کی حیثیت کام کررہا ہے۔
- تکافل میمبرشپ سے متعلق تکافل کے تمام کلیمز، چارجز اور ادائیگیوں کے لئے ای ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریشنز واحد اور انفرادی طور پر ذمہ دار ہوگا۔
- ضروری نہیں کہ فنڈ کی ماضی کی کارکردگی مستقبل کی کارکردگی کیلئے رہنمائی کا باعث ہو۔ کسی قسم کا پیشگی اندازہ ضروری نہیں کہ مستقبل کی ترجمانی کرے یا فنڈز کی ممکنہ کارکردگی کو بیان کرے اور نہ ہی ای ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریشنز اور نہ ہی حبیب میٹروپولیٹن بینک کسی بھی طرح ذمہ دار ہونگے۔
- ہمارا نمائندہ آپ کو فوائد کی ایک شخصی مثال فراہم کرے گا۔ برائے مہربانی اس مثال میں دئے گئے تمام شرائط وضوابط کو پڑھیں اور سمجھیں کیونکہ ان کی مکمل آگاہی انتہائی ضروری ہے۔
- سروس چارجز اور ٹیکسیز بینک کے ''شیڈول آف چارجز'' اور متعلقہ حکام سے مشروط ٹیکس قوانین کے مطابق ہونگے۔
  فنڈ میں سرمایہ کاری کے خدشات بہر حال پالیسی کے حامل کو برداشت کرنے ہونگے۔
- معاہدہ کس طور پر کام کرتا ہے اس کی تفصیلات شریک تکافل رکنیت دستاویزات میں دی گئی ہیں۔ پروڈکٹ کا یہ کتابچہ صرف پروڈکٹ کی خصوصیات اور فوائد کا ایک عمومی جائزہ پیش کرتا ہے
- اگر آپ کو اپنی تکافل میمبر شپ سے متعلق کوئی شکایت ہو تو آپ ای ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریشنز سے (0 21)-111-EFU-HEM (111-338-436) پر رابطہ کرسکتے ہیں

**EFU LIFE - WINDOW TAKAFUL OPERATIONS**
EFU Life House, Plot No.112, 8th East Street, Phase 1,
DHA, Karachi, Pakistan. Phone:+92-21-111-EFU-HEM (111-338-436)
Fax: +92-21-34535079 Email: csd@efuhemayahtakaful.com
Website: www.efuhemayahtakaful.com

| ممبرشپ سال | یونٹ ایلوکیشن | ایلوکیشن کی چارجز* |
|---|---|---|
| 1 | 60 فیصد | 40 فیصد |
| 2 | 80 فیصد | 20 فیصد |
| 3 | 90 فیصد | 10 فیصد |
| 4 سے 5 | 100 فیصد | 0 فیصد |
| 6 سے 10 | 103 فیصد | 0 فیصد |
| 11 سے 25 | 105 فیصد | 0 فیصد |

*اوپر درج ٹیبل کے مطابق ہر سال ادا کئے گئے کنٹر بیوشن / زر تکافل میں سے تخصیص کی فیس منہاء کی جائے گی اور بقایا رقم اکاؤنٹ ویلیو کو مختص کی جائے گی

## اضافی اختیاری کنٹری بیوشن (فنڈ ایکسلریشن کنٹری بیوشن):

اگر شریک تکافل کے پاس مزید رقم موجود ہو تو آپ اس رقم کو موجودہ پلان میں شامل کرکے اپنی جمع شدہ رقم میں اور اضافہ کرسکتے ہیں۔ اس یکمشت رقم کو اضافی اختیاری کنٹری بیوشن کہتے ہیں اور اس کو دورانِ مدت پلان میں کسی بھی وقت جمع کروایا جاسکتا ہے۔ کم ازکم اضافی اختیاری کنٹری بیوشن 20,000 روپے ہے۔

اضافی اختیاری کنٹری بیوشن کی ادائیگیوں کا 100 فیصد منتخب شدہ فنڈ میں یونٹس کی خریداری کے لئے مختص کیا جاتا ہے۔

## مکمل اور جزوی دستبرداری:

دوسال کے مکمل کنٹر بیوسنز ادا کردئے جانے سے پہلے دستبرداری کی صورت میں ونڈو تکافل آپریٹر کل نقد قدر کے 50 فیصد کے مساوی اضافی وکالۃ الاستثمار فیس چارج کرے گا۔ دستبرداری کے وقت، آپ کو اپنے فنڈ کی کل نقد قدر ادا کی جائے گی۔ البتہ، رکنیت کے ابتدائی سالوں میں نقد قدر کم ہونے کا نتیجہ ہوسکتی ہے۔ جزوی دستبرداری فنڈ میں 20,000 روپے موجود رہنے سے مشروط ہے۔ اگر صارف مکمل دستبرداری کا انتخاب کرتا ہے تو تمام یونٹس کو کیش ویلیو میں تبدیل کردیا جائے گا اور پلان کو ختم کردیا جائے گا۔

## افراطِ زر (انڈیکسیشن):

یہ انتخاب آپ کو ذہنی سکون اور تحفظ مہیا کرتا ہے کہ پلان میں دئے گئے فوائد سالانہ افراطِ زر کے مطابق خود بڑھ جائیں گے۔ اس اختیار کے تحت آپ کا پریمیئم پچھلے سال کے پریمیئم سے 5 فیصد بڑھیگا۔ اسی طرح، زرِ بیمہ اور اضافی فوائد بھی اسی تناسب سے بڑھ جائیں گے۔ البتہ آپ زرِ بیمہ کو مستحکم رکھتے ہوئے صرف پریمیئم کو بھی بڑھا سکتے ہیں۔
افراطِ زر کے تحت زرِ بیمہ میں اضافہ صرف 55 سال تک کی عمر تک ہوسکتا ہے۔ بشرطیکہ پالیسی کی ابتدا میں معیاری شرائط منظور کی گئی ہوں۔

## دعوٰی (کلیم):

کسی بھی ناگہانی کی صورت میں، آپ اپنے دعوٰے کلیم کی اطلاع حبیب میٹروپولیٹن بینک کی کسی بھی شاخ میں جاکر، ای ایف یو ہیڈ آفس آکر یا ملک میں ای ایف یو کی کسی بھی شاخ میں جاکر دے سکتے ہیں۔ فوری عمل درآمد کے لئے آپ ہمارے کال سینٹر 021-111-338-436 پر رابطہ کرسکتے ہیں یا ہماری ویب سائٹ پر موجود اطلاع فارم بھریئے اور ہمیں cod@efuhemayahtakaful.com پر ای میل کردیجئے۔ بعد ازاں، اگلے مراحل سے آگاہ کرنے کے لئے آپ سے رابطہ کیا جائے گا۔

## عمومی طور پوچھے جانے والے سوالات:

**قابل اطلاق عمر اور مدت کیا ہے؟**

شریک تکافل کی عمر 18 سے 65 کے درمیان ہونی چاہیے۔ البتہ، میچورٹی پر زیادہ سے زیادہ عمر 75 سال سے تجاوز نہ کرتی ہو۔ تکافل کی مدت 10 اور 25 سال کے درمیان کم زیادہ ہوسکتی ہے، جو کہ میچورٹی پر زیادہ سے زیادہ 75 سال کی عمر سے مشروط ہے۔

بچت کرنا زندگی کا ایک لازمی جز بن گیا ہے۔ اپنے خوابوں اور خواہشات کے مطابق زندگی گزارنے اور ان کو پورا کرنے کیلئے بچت کرنا ایک اہم کردار ادا کرتا ہے۔ اس لئے اپنے مستقبل کو محفوظ بنانے کیلئے ضرورت کے مطابق بچت کرنا ضروری ہے۔ شرکاءِ تکافل کی ضروریات کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے، ای ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریشنز لایا ہے ای ایف یو تکافل آسان بچت ایک تکافل انویسٹمنٹ لنکڈ پروڈکٹ ہے (سیونگز پلان)، ایک ایسا پلان جو آپ کے خوابوں کے مطابق آپ کے اہل خانہ کو شریعہ کے وضع کردہ اصولوں کے مطابق انویسٹمنٹ اور اس کے فوائد دیتا ہے۔ یہ پلان آپ کے مالیاتی مقاصد کو اسلامی اصولوں پر چلتے ہوئے ایک بہتر ذریعے سے پورا کرتا ہے۔

ای ایف یو تکافل آسان بچت پلان، ای ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریشنز کے شریعہ مشیر جناب مفتی محمد ابراہم عیسیٰ سے منظور شدہ ہے جو کہ جامعہ دارلعلوم کراچی سے فارغ التحصیل ایک مستند عالم دین ہونے کے ساتھ ساتھ اسلامی مالیات اور تکافل کا وسیع تجربہ رکھتے ہیں۔

## بڑھوتری اور نشوونما کے مواقع:

تمام فنڈز کی رسک پروفائیلنگ ان میں کی جانے والی سرمایا کاری کے تحت کی گی ہے

**ای ایف یو تکافل گروتھ فنڈ:**

فنڈ کی قسم: متوازن

رسک پروفائل: درمیانی

یہ یونٹ سے منسلک ایک پارٹیسپنٹس انویسمنٹ فنڈ (پی آئی ایف) ہے جو شریعت کے مطابق سرمایہ کاریوں پر مشتمل ہے۔ فنڈ کا مقصد اسلامک میوچل فنڈز، منظور شدہ مالی ایکوٹیز، اسلامی بینکوں میں ٹرم ڈپازٹ اور صکوک بانڈز جیسی متنوّع اسکیموں بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری کر کے حاصل شدہ سرمائے کو زیادہ سے زیادہ فروغ دینا ہے۔

**ای ایف یو تکافل کنزرویٹو فنڈ*:**

فنڈ کی قسم: انکم فنڈ

رسک پروفائل: کم

ای ایف یو تکافل کنزرویٹو فنڈ سرمایہ کاری کی تخصیص کی ایک محتاط حکمت عملی رکھتا ہے اور اس میں کم خطرہ شامل ہوتا ہے۔ یہ شریعہ کمپلائنٹ حکومتی سیکورٹی، غیرا یکوٹی، شریعہ کمپلائنٹ میوچل فنڈ، شریعہ کمپلائنٹ قلیل المدت ڈپازٹ اسلامی بینکوں میں یا مروجہ بینکوں کے اسلامک ونڈوز میں نقد پر مشتمل یونٹ سے منسلک، پارٹیسپنٹ انویسٹمنٹ فنڈ (پی آئی ایف) ہے۔

**ای ایف یو تکافل ایگریسو فنڈ:**

فنڈ کی قسم: ایگریسو

رسک پروفائل: زیادہ

یہ یونٹ سے منسلک پارٹیسپنٹس انویسمنٹ فنڈ (پی آئی ایف) ہے جو شریعت کے مطابق سرمایہ کاریوں پر مشتمل ہے۔ اس کا مقصد مارکیٹ کی متوقع تیزی کو مدنظر رکھتے ہوئے سرمائے کو زیادہ سے زیادہ فروغ دینا ہے۔

**متعدد فنڈز کی سہولت (ملٹی پل فنڈز آپشن):** اس سہولت کے تحت، آپ پلان کے یونٹ سے منسلک دو فنڈز کے مرکب کا انتخاب کرسکتے ہیں۔ فنڈ کو 10 فیصد کے ملٹی پل کے تحت منتخب کیا جاسکتا ہے۔ اسکا مطلب ہے کہ فنڈز کو 10/90، 20/80، 30/70، 40/60 یا 50/50 میں تقسیم کیا جاسکتا ہے۔

***ای ایف یو کنزرویٹو فنڈ خودکار طور پر منتخب کیا جائے گا**

## پروڈکٹ کا اظہار:

**اس فیملی تکافل پروڈکٹ کی دو نمایاں خصوصیات یہ ہیں: تکافل کا تحفظ اور سرمایہ کاری۔ سرمایہ کاری منسلک ہے یونٹ لنکڈ فنڈ (فنڈز) لیں موجود اثاثہ جات کی کارکردگی سے**

## غور و فکر کا دورانیہ (فری لک پریڈ):


**اگر آپ میمبر شپ دستاویز کی وصولی کے چودہ دن کے اندر اپنی رکنیت منسوخ کرنے کا فیصلہ کرتے ہین تو ای ایف یو لائف۔ ونڈو تکافل آپریشیز بطور فائدے کے طبی یا کلینکل معائنہ کے سلسلے میں پیش آنے والے اخراجات منہا کر کے کنٹریبیوشن کے مساوی رقم کی ادائیگی کا انتظام کرے گی**

## تکافل کیا ہے؟

تکافل ماہرین شریعت کی زیرنگرانی تیار کردہ باہمی تعاون کے اصولوں پر مبنی تحفظ اور سرمایہ کاری کا طریقہ کار ہے جو اسلامی اصولوں کے مطابق آپ کو اور آپکے پیاروں کو مستقبل میں آنے والی مالی پریشانیوں ہر مسائل سے تحفظ فراہم کرتا ہے۔ تکافل پروڈکٹس کے ذریعے باہمی تعاون اور بھائی چارے کی بنیادوں پر تکافل پلان کے شرکاء کو غیر متوقع جانی اور مالی نقصانات کی صورت میں مالی تعاون فراہم کیا جاتا ہے۔

## تکافل ممبر شپ کیسے کام کرتی ہے؟

ای ایف یو لائف کا تکافل ماڈل وکالۃ وقف کے اصولوں پر مبنی ہے جس میں معاشرے کے کچھ افراد ایک اجتماعی مقصد کے لئے یکجا ہوتے ہیں اور تکافل آپریٹر کے زیر انتظام وقف فنڈ میں پیسے جمع کرتے ہیں تا کہ وہ خود کو مستقبل میں ہونے والے مالی نقصانات سے محفوظ کرسکیں۔ درج تصویری خاکہ اس چیز کا خلاصہ بیان کرتا ہے کہ آپ کی تکافل رکنیت ای ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریشنز کے ساتھ کس طرح کام کرے گی:




## سرپلس شیئرنگ کیا ہے؟

یہ تکافل پلان شریک تکافل کو مالی خطرات کے تحفظ کے ساتھ ساتھ سرپلس کی تقسیم کی منفرد خصوصیت بھی پیش کرتا ہے شریک تکافل وقف فنڈ میں تبرع کی بنیاد پر زرِ تکافل دے کر وقف کی شرائط کے مطابق سرپلس کی تقسیم میں حصے دار بھی ہوسکتے ہیں۔ ہر سال کے آخر میں، ای ایف یو لائف اپنے شریعہ مشیر اور مقرر کردہ ایکچوری کی منظوری سے قابل تقسیم سرپلس کا تعین کرے گی۔

## سرپلس شیئرنگ کے فوائد کیا ہیں؟

اضافی سرمایے کا ایک حصہ پارٹیسپنٹس انویسمنٹ اکاونٹ (پی آئی اے) میں شامل کیا جاتا ہے۔ یہ اضافی یونٹس/ بونس آپ کے پلان کی نقد مالیت پر بہ حیثیت مجموعی مثبت اثر ڈالتے ہوئے، اس میں نمایاں اضافہ کرتے ہیں۔

## تبرع برائے وقف:

شریک تکافل کی عمر اور زرِ تحفظ کو مدِنظر رکھتے ہوئے زرِ تکافل سے کچھ رقم پارٹیسپنٹس تکافل فنڈ (پی ٹی ایف) میں منتقل کی جائے گی۔

## فوائد:

**فوائد بصورت فوتگی:** پالیسی کی مدت کے دوران شریک تکافل کی ناگہانی وفات کی صورت میں درج ذیل فائدہ ادا کیا جائے گا:

- سم کورڈ یا شریکِ تکافل کے سرمایہ کاری اکاؤنٹ (پی آئی اے) کی نقد مالیت (دونوں میں سے جو زیادہ ہو) پلس
- فنڈ ایکسلریشن کنٹری بیوشن کی نقد مالیت

**میچورٹی بینیفٹ:** ممبر شپ کی مدت کے اختتام پر اگر شریک تکافل حیات ہو تو میچورٹی بینیفٹ مندرجہ ذیل ہوگا:

- پارٹیسپنٹس انویسمنٹ اکاونٹ) پی آئی اے کی نقد مالیت

پلس

- پارٹیسپنٹس انویسمنٹ اکاونٹ) پی آئی اے میں اضافی اختیاری کنٹری بیوشنز کی نقد مالیت

## ایکسٹینڈڈ ٹرم تکافل:

سب سے زیادہ لچکدار فیچر جو شریک تکافل کو اختیار دیتا ہے کہ وہ طے شدہ تکافل کی اضافی مدت کے لئے کنٹریبیوشن ادا کرے اور بقیہ میمبر شپ کی مدت کے لئے کنٹریبیوشن روک دے۔ یہ خاص طور پر اس وقت کارآمد ہے جب شریک تکافل میمبر شپ کنٹریبیوشن ادا کرنے کے قابل نہ ہو مگر تحفظ کا خواہاں ہو۔ تکافل کی مدت میں اضافے کا اختیار دس میمبر شپ سالوں کی کنٹریبوشن کی ادائیگی سے قبل حاصل نہیں کیا جاسکتا۔ رائڈرز (اگر کوئی ہو) تو منسوخ ہو جائینگے اگر تکافل کی مدت میں اضافے کا انتخاب کرلیا جاتا ہے۔

## سم کورڈ:

سم کورڈ کا تعین سالانہ کنٹری بیوشن اور پروٹیکشن ملٹپل کے مطابق کیا جاتا ہے جو کہ دیے گئے نقشے سے منتخب کی جاسکتی ہے:

| عمر | کم سے کم | زیادہ سے زیادہ |
|---|---|---|
| 18 سے 35 سال | 5 | 75 |
| 36 سے 40 سال | 5 | 50 |
| 41 سے 49 سال | 5 | 35 |
| 50 سے 60 سال | 5 | 70-عمر |
| 61 سے 65 سال | 5 | 5 |

## ضمنی فوائد:

پلان کئی ضمنی فوائد بھی پیش کرتا ہے جو تکافل تحفظ بڑھانے کیلئے اس سے منسلک کئے گئے ہیں۔ ضمنی فوائد درج ذیل ہیں:

- **تکافل ایکسیڈنٹل ڈیتھ بینیفٹ*:**
  یہ فائدہ شریک تکافل کی حادثاتی وفات پر ایک اضافی رقم فراہم کرتا ہے۔
- **تکافل ایکسیڈنٹل ڈیتھ اینڈ ڈس ایبلیٹی پلس بینیفٹ*:**
  حادثاتی وفات یا معذوری کی صورت میں (جزوی یا مستقل) جو آپ کو مستقل طور پر معذور کردے، یہ اختیاری بینیفٹ ایک اضافی یکمشت فائدہ فراہم کرتا ہے۔
- **تکافل فیملی انکم بینیفٹ:**
  پلان کی مدت کے دوران شریک تکافل کی وفات کی صورت میں یہ فائدہ اس کے اہل خانہ کو ماہانہ آمدنی فراہم کرتا ہے۔
- **ایڈیشنل ٹرم تکافل:**
  یہ فائدہ شریک تکافل کی وفات کی صورت میں ایک اضافی رقم فراہم کر کے تکافل تحفظ کا درجہ بڑھاتا ہے۔
- **پلگریج بینیفٹ:**
  پلان کی مدت کے دوران، اگر پارٹیسپنٹ مذہبی ارکان کی ادائیگی کے لئے سفر کرتا ہے، ای ایف یو لائف حج، عمرہ یا زیارت مذہبی سفر وغیرہ کے فرائض کی انجام دہی کے دوران حادثاتی وفات پر تحفظ فراہم کرتا ہے۔ اس حادثاتی فائدے کے تحت ملنے والا فائدہ اصل پلان کے سم کور کا 100 فیصد ہوگا، جو کہ زیادہ سے زمادہ 10 لاکھ روپے کی حد سے مشروط ہے اس فیچر کا میچورٹی کی تاریخ سے یا مکمل دستبرداری کی تاریخ سے 13 مہینے کے اضافی دورانئے کے لئے اطلاق ہوگا۔
- **تکافل ریٹرن آف کنٹریبیوشن بینیفٹ:**
  کنٹریبیوشن کی واپسی کا رائڈر ایک منفرد فائدہ ہے جو ای ایف یو لائف کے صارفین کو پیش کیا جارہا ہے۔ یہ رائڈر آپ کو ایک اضافی فائدہ فراہم کر کے آپ کے تحفظ کو بڑھاتا ہے۔ شریک تکافل کی ناگہانی وفات کی صورت میں، پارٹیسپنٹ کو نہ صرف وفات فائدہ حاصل ہوگا بلکہ کنٹریبیوشن کی واپسی کے رائڈر کے لئے ادا کئے گئے کنٹریبیوشن کو نکال کر ادا شدہ کنٹریبوشن کی کُل رقم حاصل کرسکے گا۔
- **تکافل ویور آف کنٹریبیوشن:**
  کسی بیماری یا حادثے کی صورت میں اگر شریک تکافل کی آمدنی کا ذریعہ نہ رہے تو پلان کا زر تکافل ای ایف یو لائف کے زیر انتظام چلنے والے وقف فنڈ/ پی ٹی ایف سے ادا کیا جائے گا۔

*** ایکسیڈنٹل ڈیتھ فوائد میں سے صرف ایک کا ہی انتخاب کیا جاسکتا ہے**

## یونٹ کی ایلوکیشن:

شریک تکافل کے کنٹری بیوشن کی سالانہ مختص کی جانے والی فیصد ذیل میں دی گئی ٹیبل میں دکھائی گئی ہیں: